ڈاکٹر مائیکل نے برلن یونیورسٹی سے اسلامک سٹڈیز میں پی ایچ ڈی کی ہے۔ آپ دارالعلوم حقانیہ پر مضمون لکھنے کے سلسلے میں جرمنی سے خصوصی طور پر تشریف لائے۔ اور ایک ماہ قبل مدیر الحق صاحب کیساتھ فون پر دارالعلوم کی سالانہ دستاربندی کے بارے میں تین چار مرتبہ رابطہ کیا تھا۔ آپ دو دن اور ایک رات حضرت مہتمم صاحب کی رہائش گاہ پر مقیم رہے۔ اس دوران آپ نے مختلف طلباء اور علما سے انگریزی اور عربی زبانوں میں تبادلہ خیال کیا۔ اور خصوصاً حضرت مولانا مدظلہ اور مولانا راشد الحق صاحب سے تفصیلی انٹرویوز ریکارڈ کیے۔

دی سنڈے ٹائم کے فارایسٹ کراسپونڈنٹ مائیکل شیر اڈن کی دارالعلوم آمد اسطرح گزشتہ ہفتے انگلینڈ کے معروف ہفت روزہ (Sunday Times) کے دو نمائندے بھی دارالعلوم تشریف لائے۔ اور جامعہ کے مختلف اساتذہ سے اور خصوصاً حضرت مولانا مدظلہ سے انٹرویو ریکارڈ کیا۔ زیادہ تر گفتگو عالم اسلام کے دگرگوں حالات خصوصاً چیچنیا اور طالبان کے بارے میں ہوئی۔ مسٹر مائیکل عیسائیوں کے مذہبی راہنما پوپ جان پال کیساتھ ہندوستان کے دورے پر آئے تھے۔ افغانستان پر پابندیوں کے اطلاق کی وجہ سے آپ ہنگامی بنیادوں پر طالبان کی روحانی، مذہبی اور تعلیمی درسگاہ دارالعلوم حقانیہ تشریف لائے۔ اسطرح نیویارک کے اردو اخبار ''عوام'' ایڈیٹر جناب شاہد صاحب بھی تشریف لائے۔

بی بی سی کے بیورو چیف شعون لنگن کی آمد ۲۸ نومبر کو بی بی سی کے بیورو چیف Sean Lan-gan دارالعلوم تشریف لائے۔ اور انہوں نے دارلعلوم کے مختلف شعبہ جات کی فلم بندی کی۔ اور آپ نے مولانا مدظلہ سے ملکی سیاسی صورتحال اور خصوصاً افغانستان پر پابندی کے بارے میں انٹرویو ریکارڈ کیا۔ اسی طرح آپ نے مدیر الحق صاحب سے بھی انٹرویو ریکارڈ کیا۔ مسٹر شعون لنگن نے مولانا سے درخواست کی کہ مجھے افغانستان بھیجا جائے۔ مولانا کی سفارش پر افغانستان چلے گئے۔

ناظم ''الحق'' جناب نثار محمد کی شادی خانہ آبادی ماہنامہ الحق کے ناظم جناب نثار محمد کی شادی ۲۸ نومبر ۹۹ء کو منعقد ہوئی۔ اس مختصر اور سادہ تقریب میں دارالعلوم کے اساتذہ اور مہتمین حضرات نے شرکت کی۔ ادارہ الحق اور دارالعلوم اپنے مخلص ساتھی کو خوشی کے اس موقع پر مبارکباد پیش کرتا ہے۔